# روزے کے فدیے اور کفّارے




پچھلے رمضان کے قضاء روزے اِس رمضان کے شروع ہونے سے پہلے ادا کر دینے چاہئیں۔ اگر ادا نہ کئے تو پچھلے قضاء روزوں کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ کفارۂ تاخیر بھی ادا کرنا ہوگا یعنی 3 پاؤ اناج فی روزہ کسی غریب، نمازی، کھلّم کھلّا گناہ نہ کرنے والے مومن کو دینا ہوگا۔۔

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

سوال: جن افراد کو روزے کے کفارے اور فدیئے دیئے جائیں اُن میں کن شرائط کا خیال رکھنا ضروری ہے ؟؟ (زیادہ تر مجتہدین کے نزدیک)

جواب:

۱۔ شیعہ اثنا عشری ہوں

۲۔ بے نمازی نہ ہوں

۳۔ کھلّم کھلّا گناہ کرنے والے نہ ہوں

۴۔ کفاروں اور فدیوں کے پیسے کو حرام میں خرچ نہ کریں

# روزے کے فدیے اور کفّارے



## سوال

کیا دینی اداروں کو کفّارہ دینا جائز ہے
جو غریبوں کے لئے کام کرتے ہوں؟

## جواب

اس صورت میں جائز ہے کہ جب اس بات کا اطمینان ہو
کہ وہ شرعی مسائل کا خیال کر کے کفّارہ مستحق تک پہنچا دیں گے۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## جان بوجھ کر روزہ چھوڑنے کا کفّارہ

اگر کوئی شخص رمضان المبارک کے روزے جان بوجھ کر نہ رکھے تو ضروری ہے
کہ ان کی قضا بجالائے اور ہر دن کے لئے دو مہینے روزے رکھے
یا ساٹھ فقیروں کو کھانا دے یا ایک غلام آزاد کرے
اور اگر آئندہ رمضان المبارک تک ان روزوں کی قضا نہ کرے
تو احتیاطِ لازم کی بنا پر ہر دن کے لئے
ایک مُد (تین پاؤ آٹا یا غذائی اجناس) کفّارہ بھی دے۔

60 غریبوں کا عدد پورا کرنا بھی ضروری ہے۔
یہ نہیں کر سکتے کہ مثلاً شرائط رکھنے والے دس غریبوں کو چھ، چھ کفارے ادا کر دیں۔

البتہ اگلے دنوں کے کفّارے بھی انہی 60 مسکینوں کو ادا کئے جا سکتے ہیں۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

**سوال:** کیا کفّارے اور فدیے میں اناج وغیرہ کے بجائے مستحق کو ایسا راشن دے سکتے ہیں جو چینی، پتّی، تیل، گھی، نمک، مصالحے وغیرہ پر مشتمل ہو؟

**جواب:** جی نہیں۔



# روزے کے فدیے اور کفّارے

**سوال:** اگر یہ معلوم نہ ہو کہ پچھلے سالوں کے
کتنے قضاء روزے ہیں
تو اَب کیا ذمّہ داری ہے۔؟

**جواب:** کم از کم ایک یقینی عدد کا تعین کیا جائے کہ
اتنے روزے تو ضرور قضاء ہوں گے
تو اِس کم سے کم تعداد کی قضاء کر لی جائے
اِس سے زیادہ کی قضاء لازم نہیں ہوگی۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# روزے کے فدیے اور کفّارے



## سوال

اگر کسی کو شک ہو کہ مجھ پر کوئی قضا روزہ باقی ہے
یا نہیں تو اسکی کیا ذمہ داری ہے؟

---

**جواب:** کوئی ذمّہ داری نہیں ہے۔

www.facebook.com/madrasat

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے



## سوال

کیا مستحق کو روزے کے کفّاروں یا فدیوں میں آٹے کے علاوہ مثلاً چاول ، دالیں ، چھولے ، بیسن یا گوشت دے سکتے ہیں؟

## جواب

جی ہاں۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

سوال

کیا بہت سے روزوں کا فدیہ ایک ہی مستحق کو دیا جا سکتا ہے؟

جواب

جی ہاں۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## سوال

جس شخص کو فدیہ یا کفّارہ دیا جا رہا ہو
کیا اسے بتانا ضروری ہے
کہ یہ فدیہ یا کفّارہ ہے؟

**جواب: ضروری نہیں۔**

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے



# روزے کے فدیے اور کفّارے

## کفّاروں کی ادائیگی سے متعلق اہم فقہی سوال

کیا روزوں کے کفّاروں کی ادائیگی میں ایسا کیا جاسکتا ہے کہ
ساٹھ روزوں میں سے جتنے رکھنا ممکن ہو روزے رکھ لئے جائیں
باقی کے روزوں کے بدلے مسکینوں کو کھانا کھلا دیا جائے۔؟

(مثلاً : 10 روزے رکھ لیں اور
50 مسکینوں کو کھانا کھلا دیں)

**جواب: ایسا نہیں کیا جاسکتا۔۔**

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## اگر کفارے کے روزوں اور مسکینوں کو کھانا کھلانے کی طاقت و حیثیت نہ ہو؟

آیت العظمیٰ سیّد علی سیستانی کے مطابق

اگر فی الحال نہ 60 کفّارے کے روزے رکھنے کی طاقت ہو
اور نہ ہی 60 مسکینوں کو کھانا کھلانے کی حیثیت ہو
تو استغفار کیا جائے
اور اپنی حیثیت کے مطابق کچھ صدقہ دیا جائے۔
البتہ بعد میں جب طاقت و حیثیت پیدا ہوجائے
تو احتیاطِ واجب کی بناء پر کفّاروں کو ادا کیا جائے۔




00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## اگر کفّاروں کی فوری ادائیگی ممکن نہ ہو؟

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

### سوال

جو شخص جان بوجھ کر روزہ توڑنے کا کفّارہ
فوراً دینے کی طاقت نہیں رکھتا لیکن بعد میں ممکن ہو
کیا اس کے لیے ازالہ کرنا ضروری ہے؟

### جواب

تمام مراجع کے مطابق:

احتیاط واجب یہ ہے
کہ جس وقت بھی ممکن ہو ادا کرے۔

(توضیح المسائل مراجع، م1660، وحید، توضیح المسائل، م 1668)

آیت اللہ خامنہ ای کے مطابق:

اس پر ذمّہ داری ساقط ہے اور کفّارہ دینا ضروری نہیں ہے۔

(اجوبۃ الاستفتاءات، صفحہ 812)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے



# روزے کے فدیے اور کفّارے

## کفّاروں کی ادائیگی سے متعلق اہم فقہی سوال

اگر کفّاروں کی ادائیگی میں کھانا کھلایا جائے تو اِس صورت میں بھی ہر شخص کو 3 پاؤ کھانا دینا ضروری ہے۔؟

**جواب: نہیں۔اِس صورت میں جتنی مقدار میں مستحق کا پیٹ بھر جائے، کافی ہے۔۔**

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## شادی شدہ خواتین اپنے کفّارے کیسے ادا کریں؟

بیوی کے کفّاروں کی ادائیگی شوہر کی ذمہ داری نہیں ہے
البتہ شوہر بیوی کے کفّاروں کی ادائیگی میں
اپنے پیسے سے بیوی کی مدد کرسکتا ہے۔

بیوی اپنے جیب خرچ سے، اپنی بچت سے، دیگر اموال سے کفّارے ادا کرسکتی ہے۔

اور اگر بیوی نہ کفّارے کے روزے رکھ سکے
اور نہ مسکینوں کو کھانا کھلانے کے لئے رقم ہو تو فی الحال کفّارہ ساقط ہوگا
جب وہ ادائیگی کے قابل ہوگی تب واجب ہوجائے گا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے



# روزے کے فدیے اور کفّارے

## کفّارے کے مسئلے سے لاعلم شخص پر کفّارہ معاف نہیں ہوتا

اگر کسی نے بلوغت کے بعد کئی سالوں تک روزہ نہ رکھا کیونکہ اُسے معلوم ہی نہ تھا کہ روزہ رکھنا واجب ہوتا ہے تو اُسے ان روزوں کی قضا کرنا ہے لیکن کفّارہ واجب نہیں ہوگا۔

البتہ اگر حکمِ روزہ معلوم تھا لیکن یہ معلوم نہ تھا کہ بِلاعذرِ شرعی روزہ چھوڑنے سے کفّارہ بھی واجب ہوتا ہے تو اِس لاعلمی کی وجہ سے کفّارہ معاف نہیں ہوگا اِن چھوڑے گئے روزوں کی قضا کے ساتھ جان بوجھ کر روزہ چھوڑنے کا کفّارہ اور کفّارۂ تاخیر بھی ادا کرنا ہوگا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## اگر کسی کو کفّارۂ تاخیر کا علم نہ ہو؟

اگر کوئی شخص یہ نہ جانتا ہو کہ اگر آخری رمضان کے قضا روزوں کو اگلے رمضان سے پہلے ادا نہ کرنے کی صورت میں قضا کے علاوہ کفّارۂ تاخیر بھی واجب ہو جاتا ہے (یعنی فی روزہ 3 پاؤ آٹا یا کوئی کھانے کی چیز کسی مستحق کو دینا ہوتی ہے) تو اِس لاعلمی کی وجہ سے کفّارۂ تاخیر معاف نہیں ہوتا اور اِس مسئلے میں علم ہونے یا نہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

(استفتاء آیت اللہ سیستانی)

# روزے کے فدیے اور کفّارے




اگر کسی پر بہت زیادہ رمضان کے روزوں کے کفّارے ہوں
اور فی الحال یک مشت ادائیگی کی حیثیت نہ ہو
تو ان کفّارات کو قسطوں کی شکل میں بھی ادا کر سکتے ہیں۔

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# روزے کے فدیے اور کفّارے

رمضان المبارک

## اگر پچھلے کئی سالوں کے روزے قضا ہوں؟

اگر پچھلے کئی سالوں کے قضا روزے واجب ہوں
اور آنے والے رمضان میں کچھ دن باقی رہ گئے ہوں
تو احتیاط مستحب ہے کہ پہلے آخری سال کے روزوں کی قضا کی جائے
پھر سابقہ سالوں کے روزوں کی قضا کی جائے۔

**لیکن اگر روزے رکھنے میں**
**سابقہ آخری سال کے روزوں کو معین نہ کیا ہو**
**تو وہ سالِ آخر کے رمضان کے روزے شمار نہیں ہوں گے**
**اور کفارۂ تاخیر ساقط نہیں ہوگا۔**

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

کیا اپنا
رمضان کا قضا روزہ
جان بوجھ کر
توڑا جا سکتا ہے؟

قضا روزہ ظہر سے پہلے
جان بوجھ کر بھی توڑ سکتے ہیں
گناہ نہیں ہے نہ کفّارہ ہے

البتہ اِس قضا روزے کو بعد میں کسی دن رکھنا ہوگا
اور ظہر کے بعد توڑنا جائز نہیں ہے
اگر توڑا تو کفّارہ بھی دینا ہوگا یعنی دس مسکینوں کو کھانا کھلائیں
اگر کھانا کھلانا ممکن نہ ہو تو تین روزے رکھیں۔

استفتاء آیت اللہ سیستانی


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## سوال

کیا کفّارے ادا کرنے سے پہلے
روزے کی قضا کرنا ضروری ہے؟

## جواب

اِس مسئلے میں کوئی ترتیب نہیں ہے۔
کفّارے، روزے کی قضا سے پہلے بھی
ادا کئے جاسکتے ہیں اور بعد میں بھی۔



# روزے کے فدیے اور کفّارے

## کیا قضا روزے کے ساتھ ہی کفّارۂ تاخیر ادا کرنا ضروری ہے؟

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

اگر قضا کی ادئیگی میں
کئی سالوں کی تاخیر ہو جائے
تو قضا کے ساتھ کفّارۂ تاخیر بھی ادا کیا جاتا ہے
جو 3 پاؤ آٹا یا کھانے کی چیز فی روزہ ادا کرنا ہوتا ہے
لیکن کفّارۂ تاخیر کے لئے ضروری نہیں ہے
کہ وہ قضا روزوں کے ساتھ ہی ادا کیا جائے۔

اگر قضا روزے ابھی ادا نہ کئے ہوں تب بھی کفّارۂ تاخیر ادا کیا جا سکتا ہے۔


00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

سوال:

جس کے ذمّہ قضا روزے ہوں وہ مستحبی روزہ نہیں رکھ سکتا۔ لیکن اگر کسی کے ذمّہ صرف کفّارے کے روزے واجب الادا ہوں کیا وہ مستحبی روزہ رکھ سکتا ہے۔؟

جواب: رکھ سکتا ہے.

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## فقہی سوال

## کب مستحب روزہ نہیں رکھنا چاہئیے؟

اگر اولاد کا مستحب روزہ ماں باپ کی اپنی اولاد سے
شفقت کی وجہ سے
ماں باپ کے لئے اذیت کا سبب ہو
تو اولاد کے لئے مستحب روزہ رکھنا حرام ہے
اور اولاد کو چاہئیے کہ روزہ توڑ دے۔ (توضیح المسائل مراجع)

www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

سوال:

جس کے ذمّے اپنے قضا روزے باقی ہوں کیا وہ کسی مرحوم رشتہ دار کی طرف سے روزے رکھ سکتا ہے۔؟

جواب: رکھ سکتا ہے.

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## کیا کسی مرحوم کے رکھے گئے قضا روزے کو توڑا جا سکتا ہے؟

اگر کسی مرحوم کا قضا روزہ رکھا ہو
خواہ اجارے پر یا بغیر اُجرت کے
اُسے جب چاہیں بغیر عُذر کے بھی
ظہر سے پہلے یا بعد میں کبھی بھی توڑ سکتے ہیں
اور کوئی کفّارہ بھی نہیں
ہے۔

البتہ اگر اُجرت پر رکھا ہو
تو اس روزے کو بعد میں رکھنا ہوگا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## سوال

اگر باپ پر رمضان کے علاوہ اور دوسرے روزے بھی واجب ہوں مثلاً نزر، قسم، عہد، کفّارے یا اجارہ کے تو کیا بڑے بیٹے پر اُن روزوں کی قضاء بھی لازم ہے؟

## جواب

اُن روزوں کی قضاء بڑے بیٹے پر واجب نہیں ہے۔
صرف ماہِ رمضان کے قضاء روزوں کی قضاء بڑے بیٹے پر واجب ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## اگر عورت نماز فجر سے پہلے پاک ہونے کے باوجود غسل انجام نہ دے؟

اگر عورت رمضان میں
فجر سے پہلے ماہانہ عادت سے پاک ہوجائے
لیکن جان بوجھ کر غسل نہ کرے
تو اس روزے کی قضا
اور کفارہ دونوں واجب ہوں گے۔

رمضان کریم

# روزے کے فدیے اور کفّارے

رمضان مبارک

## اگر غسل و تیمّم دونوں کا وقت نہ ہو؟

اگر عورت اذانِ فجر سے پہلے ماہانہ عادت سے پاک ہوجائے
لیکن غسلِ واجب یا تیمّم کرنے کا مختصر وقت بھی نہ ہو
اور وہ غسل و تیمّم کے بغیر ہی روزے کی نیت کرلے
تو اُسکا روزہ صحیح ہے۔

استفتاء
آیت اللہ سیستانی

# روزے کے فدیے اور کفّارے

## جس پر قضا روزے باقی نہ ہوں لیکن کفّارے کے روزے باقی ہوں کیا وہ مستحب روزہ رکھ سکتا ہے؟

**آیت اللہ سیستانی کے مطابق**

کفّارے کے روزے ہونے کے باوجود مستحب روزہ رکھنے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

**امام خمینیؒ اور آیت اللہ خامنہ ای کے مطابق**

کفّارے کے روزوں کے ہوتے ہوئے مستحب روزہ رکھنا جائز نہیں ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim